# 36546 ـ نكياں زيادہ كرنے كے لئے روزانہ كئے جانے والے اچھے كاموں كي مثاليں

**سوال**

میری گزارش ہے کہ آپ ہمیں کوئي نیکی کے اعمال کرنے کي ایسی مثالیں دیں جنہیں ہم نیکیاں زيادہ کرنے کے لئے روزانہ کیا کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب اللہ تعالی مسلمان شخص کو اعمال صالحہ کرنے کی توفیق بخشے تو وہ اجروثواب کو اور زيادہ حاصل کر سکتا ہے.

اعمال صالحہ کی کئی اقسام وانواع ہیں، جنہیں ايك فقير بھي كر سكتا ہے اور مالدار بھي، چھوٹا بھي اور بڑا بھي، اور مرد و عورت سب اس پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں، اور یہ اعمال اللہ تعالی کي توفیق کے بعد عمل کرنے والے اور اس کي ہمت و چستی کے اعتبار سے درجات کے اعتبار سے مختلف ہیں.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

جو شخص بھي نيك عمل كرے وہ مرد ہو يا عورت، ليكن ہو ايماندار تو يقينا ہم اسے نہايت بہتر زندگي عطا فرمائيں گے، اور ان كے اعمال كا بہترين بدلہ بھي انہيں ضرور ديں گےالنحل ( 97 ) .

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اعمال کرنے میں جلدي کرلو، کہ ایسے فتنے شروع ہو جائيں جو سیاہ رات جیسے ہوں، آدمی صبح کے وقت مومن تھا تو شام کافر ہو چکا، یا شام اس نے ایمان کي حالت میں کي تو صبح کافر ہو چکا ہوگا، وہ اپنا دین دنیاوی مال ودولت کے عوض بیچ ڈالے گا" صحیح مسلم حدیث نمبر ( 118 ) .

اور ان روز مرہ کئے جانے والے اعمال میں سے چند ایك یہ ہیں جن پر عمل کیا جاسکتا ہے:

1 ـ مسجد میں باجماعت نماز ادائيگي:

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جو کوئي صبح اور شام مسجد جاتا ہے ہے اللہ تعالی نے اس کے جب بھي وہ صبح اور شام جائے مہمانی تیار کر رکھی ہے" صحیح بخاري حدیث نمبر ( 631 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 669 ) .

2 ۔ جنازہ کےساتھ جانا اور نماز جنازہ کي ادائیگي:

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جو شخص بھي جنازہ میں حاضر ہوتا ہے اسے ایك قیراط حاصل ہوتا ہے، اور جو کوئي جنازہ میں اس کي تدفین تك اس کے ساتھ رہتا ہے اسے دو قیراط ملیں گے، عرض کي گئي، دو قیراط کیا ہیں؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو بڑے پہاڑوں کي مثل " صحیح بخاري حدیث نمبر ( 1261 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 945 ) .

3 ۔ مندرجہ ذیل دعا روزانہ سو بار پڑھنا:

( لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير )

اللہ وحدہ کے سوا کوئي معبود برحق نہیں، اس کا کوئي شریك نہیں اسي کي بادشاہی ہے اور حمد و تعریف بھي اسي کي اور وہ ہر چیز پر قادر ہے.

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے ایك دن میں ( لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير) (اللہ وحدہ کے سوا کوئي معبود برحق نہیں، اس کا کوئي شریك نہیں اسي کي بادشاہی ہے اور حمد و تعریف بھي اسي کي اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ) .

سو بار پڑھا اسے دس گردنیں آزاد کرنے کے برابر ثواب حاصل ہو گا اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور اسے سے سو برائیاں مٹا دي جائیں گی، اور سارا دن اس کے لئے شیطان سے بچاؤ رہے گا، اور کوئي شخص بھي اس سے بہتر کام نہیں کرے گا لیکن وہ شخص جس نے اس سے بھي زیادہ عمل کیا ہو" صحیح بخاري حدیث نمبر ( 3119 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 2691 ) .

1 ۔ صلہ رحمی:

انس رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

" جسے یہ پسند ہے کہ اس کے رزق میں کشادگي ہو اور لوگ اسے یاد کرتے رہیں تو اسے صلہ رحمی کرنی چاہئے " صحیح بخاري حدیث نمبر ( 5639 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 2557 ) .

5 ـ نفلی روزے اور مریض کي تیمارداري اور صدقہ وخیرات کرنا:

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" آج تم میں سے روزہ کس نے رکھا ہے؟

تو ابو بکر رضي اللہ تعالی عنہ نے کہا میں نے،

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ط

آج تم میں سے جنازہ کے ساتھ کون گیا ہے؟

تو ابو بکر رضي اللہ تعالی عنہ نے کہا میں نے

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

آج تم میں سے کس نے مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟

ابو بکر رضي اللہ تعالی عنہ نے عرض کي میں نے

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

آج تم میں سے مریض کي تیمار داري کس نے کي ہے؟

تو ابوبکر رضي اللہ تعالی عنہ نے عرض کي میں نے

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جس شخص میں بھي یہ کام جمع ہو جائیں وہ جنت میں داخل میں ہو گیا" صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1028 ) .

6 ـ سبحان اللہ وبحمدہ سو بار پڑھنا:

ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ وسلم نے فرمایا:

" جو صبح اور شام سو بار سبحان الله وبحمده كہتا ہے اس كےگناه معاف كر دئے جاتے ہيں اگرچہ وه سمندر كي جھاگ جتنے ہي كيوں نہ ہوں " صحيح بخاري حديث نمبر ( 6042 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 2691 ) .

7 ـ تسبيح، تحميد اور تكبير اور نيكي كاحكم دينا اور برائى سے روكنا اور چاشت كي نماز ادا كرنا.

ابو ذر رضي اللہ تعالى عنہ بيان كرتے ہيں كہ رسول اللہ صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" تم ميں سے ہر ايك كے جوڑ پر ہر صبح صدقہ ہے، لہذا ہر تسبيح بيان كرني صدقہ ہے، اور ہر حمد وثنا صدقہ ہے، اور لاالہ الا اللہ كہنا صدقہ ہے، اور ہر تكبير كہني صدقہ ہے، اور نيكي كاحكم دينا اور برائي سے روكنا صدقہ ہے، اور اس سے چاشت كي دو ركعتيں ادا كرنا كفائت كرجاتي ہيں " صحيح مسلم حديث نمبر ( 720 ) .

8 ـ قرآن مجيد كي تلاوت :

عبد اللہ بن مسعود رضي اللہ تعالي عنہما بيان كرتے ہيں كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" جس نے قرآن مجيد كا ايك حرف پڑھا اسے ايك نيكي ملتي ہے، اور ايك نيكي دس گنا ہے ميں يہ نہيں كہتا كہ ( الم ) ايك حرف ہے بلكہ الف ايك حرف ہے اور لام حرف ہے اور ميم حرف ہے" جامع ترمذى حديث نمبر ( 2910 ) امام ترمذي رحمہ اللہ تعالى نے اسے حس صحيح كہا ہے، اور علامہ الباني رحمہ اللہ تعالى نے صحيح ترمذي ميں اسے صحيح قرار ديا ہے.

اور اس كے علاوہ بھي بہت سے اعمال ہيں، مسلمان شخص كو چاہئے كہ وہ اللہ تعالى سے مدد اور تعاون كي دعا كرتا رہے كہ اسے اعمال صالحہ كي توفيق عطا فرمائے، اور مسلمان اعمال صالحہ كرنے ميں اپني كوشش اور جدوجہد اور طاقت صرف كرے اور ان پر مداومت اور ہميشگي كرے چاہے يہ اعمال كم ہي كيوں نہ ہوں كيونكہ تھوڑا عمل اس زيادہ عمل سے بہتر ہے جو كبھي كبھار كيا جائے.

عائشہ رضي اللہ تعالى عنہا بيان كرتي ہيں كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" لوگو حسب استطاعت اعمال كرو، كيونكہ اللہ تعالى اس وقت تك اكتاتا حتي كہ تم نہ اكتا جاؤ، يقينا اللہ تعالى كو محبوب كام وہ ہيں جن پر ہميشگي كي جائے اگرچہ وہ كم ہي كيوں نہ ہو اور محمد صلى اللہ عليہ كي آل جب كوئي عمل كرتے تو اس پر ہميشگي كرتے" صحيح بخاري حديث نمبر ( 43 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 782 ) اور يہ الفاظ مسلم كےہيں.

واللہ اعلم .